# ٹیسٹ ٹیوب بیبی

<"xml encoding="UTF-8?>

ٹیسٹ ٹیوب بیبی

اسوال: ٹیسٹ ٹیوب بیبی جایز ہے؟
جواب: شوہر کا اسپرم اور بیوی کا ایگس لیکر انھیں آپس میں ملا کر زوجہ کے رحم میں رکھنا بذات خود جایز ہے لیکن ایسا کرنا معمولا نامحرم کے حرام نگاہ ڈالنے اور بدن کے ٹچ کرنے پر موقوف ہے اس لیے شرمگاہ کا دکھانا جایز نہیں مگر یہ کہ بغیر بچے کے رہنا اس کے لیے باعث مشقت ہو جو معمولا قابل تحمل نہیں ہے تو اس صورت میں ضرورت کی مقدار نگاہ کرنا اور ٹچ کرنا جایز ہوگا، اور بچہ ہر صورت میں ان کا ہے، محرمیت اور وراثت کے تمام احکام جاری ہونگے۔